مقالہ برائے پی ایچ ڈی

Notification No /526/2022

Date:30-12-202

Name Of Research Scholar : Saba Anjum

Name Of The Supervisor : Dr.Musheer Ahmad

Name Of The Department :Urdu.Faculty Of Humanites and Languages,JMI

Topic Of Research:Jamila Hashmi Ki Takhleeqat:Tahqeeqi-O-Tanqeedi Motalea.

تلخیص

میرے مقالے کا عنوان ہے "جمیلہ ہاشمی کی تخلیقات: تحقیقی و تنقیدی مطالعہ "ہے۔اپنے مقالے کو میں نے چھ ابواب میں تقسیم کے کیاہے۔جس میں تقریباًہر ابواب کے دو حصے ہیں۔اردو ادب کی افسانوی تاریخ میں جمیلہ ہاشمی کے افسانوں اور ناولوں کے بغیر ادھورا کہلائے گی۔جمیلہ ہاشمی نے مختصر کہانیاں لکھ کر ادب کی دنیامیں قدم رکھا۔بنیادی طور پر اردو ادب میں ان کی پہچان ایک رومانوی فکشن نگار کی حیثیت سے ہے۔جمیلہ ہاشمی کو ان کے پہلے ناول "تلاش بہاراں "جو1961،62 میں شائع ہوا تھا،پر آدام جی ایوارڈ سے اسی سال نوازا گیا۔ان کا دوسرا ناول "دست سوس "ایک تاریخی ناول ہے۔اس میں انھوں نے ایران کے بزرگ حسین بن منصور حلاج کو اس وقت کے تاریخی پس منظر میں رکھ کر بہت خوبصورتی سے پیش کیاہے۔اس کے علاوہ جمیلہ ہاشمی نے اپنے ایک ناولٹ "چہرہ بہ چہرہ روبہ رو "میں بھی ایران کی ایک تاریخی کردار قرۃ العین طاہرہ اپنے موضوع کا حصہ بنایا۔ادب کی دنیامیں جمیلہ ہاشمی نے بہت کم لکھا،لیکن جو بھی لکھا ادب میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔